نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے کاشتکاروں کو گندم کا بیج و دیگر زرعی لوازمات پر سبسڈی فراہم کی جارہی ہے،کمشنر ڈی جی خان لیاقت علی چٹھہ

لاہور:24نومبر2022(   ) سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے کاشتکاروں کو حکومت پنجاب گندم کے بیج و دیگر زرعی لوازمات پر سبسڈی کی سہولت فراہم کررہی ہے تاکہ آئندہ فصل سے بھرپور پیداوار کر کے ملک میں فوڈ سیکیورٹی کو یقینی بنایا جاسکے۔ان خیالات کا اظہار کمشنر ڈی جی خان لیاقت علی چٹھہ نے محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد کمپنی کے باہمی تعاون سے ڈیرہ غازی خان میں زیادہ گندم اگاؤ مہم کے سلسلہ میں منعقدہ کسان کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی سے روشناس کرانے کیلئے ایڈوائزری سروسز ڈور سٹپ پر فراہم کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں سے نہروں کے شگاف بروقت مکمل کر کے گندم کی بوائی کیلئے کاشتکاروں کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے۔حکومت پنجاب گندم کے زیرِ کاشت رقبہ اور پیداوار میں اضافہ کے لئے کاشتکاروں کو گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت سبسڈی کی سہولت اور ترغیبات فراہم کررہی ہے۔اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت توسیع مہر عابد حسین نے کہا کہ امسال نومبر میں ہی ڈی جی خان ڈویژن میں گندم کی کاشت کا مقررہ ہدف 24ایکڑ حاصل کرلیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کاشتکار اوائل نومبر میں کاشتہ گندم کی فصل کو کھاد اور پہلا پانی بروقت لگائیں کیونکہ اس مرحلہ پر کسی بھی قسم کی تاخیر پیداوار متاثر کرسکتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب کے لئے گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ65لاکھ ایکڑ جبکہ پیداواری ہدف 2 کروڑ20 لاکھ میٹرک ٹن مقرر کیا گیا ہے جس کے حصول کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔گزشتہ سال ضلع ڈی جی خان میں 5لاکھ 88ہزار ایکڑ رقبہ پر گندم کاشت ہوئی جس سے 7لاکھ 55ہزار ٹن پیداوار حاصل ہوئی۔اس کے علاوہ میگا فارمر گیدرنگ اور صوبائی و ضلعی سطح پر پیداواری مقابلہ جات کا انعقاد بھی کیا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کسانوں میں تحریک اور ترغیب کے ذریعے زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کی بروقت کاشت کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ گندم کی اضافی پیداوار سے ملک میں فوڈ سیکیورٹی کی صورتحال کو اطمینان بخش بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت 12 ارب 59 کروڑ روپے کی لاگت سے گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے کاشتکاروں کو سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔گندم کو منافع بخش بنانے کیلئے بوائی سے قبل ہی اس کی امدادی قیمت بڑھا کر 3000روپے فی 40 کلوگرام مقرر کردی ہے تاکہ کاشتکار گندم کو ایک منافع بخش فصل کے طور پر زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کریں۔ڈائریکٹر زراعت توسیع نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کو گندم کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی اور فنی رہنمائی کے لئے محکمہ زراعت توسیع کا عملہ کاشتکاروں کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔نجی کمپنی کے زرعی ماہر ڈاکٹر سعید اقبال نے گندم کی فصل میں کھادوں کے متوازن استعمال پر تفصیلی روشنی ڈالی اور کاشتکاروں کو سفارش کی کہ وہ گندم کی فصل میں فاسفورسی اور نائٹروجنی کھادوں کے توازن کا خاص خیال رکھیں۔**اس موقع پر ممبر صوبائی اسمبلی حنیف خان پتافی ،ڈپٹی کمشنر محمد انور بریار** نے بھی خطاب کیا۔کسان کنونشن میں ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں،ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع غلام احمد بزدار سمیت محکمہ زراعت کے افسران اور کسانوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

0-0-0-0-0